بنام: پرنسپل، UFT, PTA اور کسٹوڈئن انجنئیرز

موضوع: AHERA مینجمنٹ پلان: سالانہ اطلاع نامہ
(تعلیمی سال 2026 -2025)

منجانب: نیو یارک شہر محکمہِ تعلیم
اسکول عمارتوں کا شعبہ برائے صحت وحفاظت

تاریخ: 21 اگست، 2025

ریاستہائے متحدہ ماحولیاتی تحفظ کا ادارہ (US EPA) اسبسٹاس خطرے کا ہنگامی صورت رد عمل ایکٹ (AHERA), 40 CFR Part 763, Subpart E, 1987 میں نافذ کردہ، کی تعمیل میں، نیو یارک شہر محکمہِ تعلیم ہماری عمارتوں میں تعمیراتی مواد میں اسبسٹاس کی موجودگی (ACBM) کے لیے معائنہ کرتا ہے۔

معائنہ کرنے کا طریقہ

معائنے نیو یارک ریاست محکمہ برائے محنت کش طبقہ اور ریاستہائے متحدہ ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسی سے تصدیق شدہ اسبسٹاس انسپکٹرز کے ذریعے انجام دیے گئے تھے۔ دونوں ایجنسیوں سے تصدیق شدہ، ایک تسلیم شدہ انتظامی منصوبہ کار نے نتائج کا معائنہ کیا تھا، اور تجویز کرتے ہیں کہ جہاں ضروری ہو عمارتوں میں اسبسٹاس سے بحفاظت نمٹنے کے اقدامات لیے جائیں۔

نتائج

معائنے کے نتائج AHERA انتظامی منصوبے میں موجود ہیں، جو انتظامیہ کے دفتر میں عوام ، بشمول والدین، اساتذہ اور اسکول کے دیگر عملے، اور ان کے نمائندوں کے لیے بغیر کسی قیمت یا پابندی کے جائزے کے لیے دستیاب ہیں۔ جدید ترین AHERA مینجمنٹ پلان اور وقفے سے نگرانی کی تاریخ انفرادی اسکول کی ویب سائٹ https://www.schools.nyc.gov/ پر شائع کی گئی ہے۔

روابط

نیو یارک شہر محکمہ تعلیم کی جانب سے مقامی تعلیمی ایجنسی (LEA) کی نامزد کردہ Saritha Thumma ، دفتر برائے ماحولیاتی صحت اور حفاظت (EHS) کی ڈپٹی ڈائرکٹر۔ اس اطلاع نامے یا عمارتوں میں اسبسٹاس والے مواد کے بارے میں کسی بھی سوالات کے لیے، برائے مہربانی EHS سے رابطہ کریں:

ٹیلیفون: (718)610-3111
ای میل: *EHSrequest@schools.nyc.gov*